ٹینڈر فیس:-/3000روپے

# ٹینڈر دستاویزات

## برائے

# اشاعتِ قرآنِ پاک

نیشنل بک فاؤنڈیشن، صدر دفتر،
6-ماؤ ایریا تعلیمی چوک G-8/4، اسلام آباد

# (ٹینڈر انکوائری برائے اشاعتِ قرآنِ پاک)

1۔ ٹینڈر انکوائیری نمبر:1613/ایچ ایس ایف-71، 2023، مورخہ 18 جون، 2023ء۔

2۔ (i) ۔ ٹینڈر وصول کرنے کی آخری تاریخ 10 جولائی، 2023ء بوقت 11:00 بجے تک۔

(ii)۔ ٹینڈر کھولنے کی تاریخ 10 جولائی، 2023ء بوقت 11:30 بجے۔

(iii)۔ ٹینڈر کھولنے کی جگہ کمیٹی روم نیشنل بُک فاؤنڈیشن، 6 ماؤ ایریا، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد۔

3۔ نیشنل بک فاؤنڈیشن کو قرآنِ پاک کی اشاعت کیلئے مندرجہ ذیل سپلائرز، پبلیشرز، پرنٹرز، گرامجز میں مکمل تیار شدہ بمع این بی ایف کے حسبِ ضرورت دفاتر تک سپلائی درکار ہے۔ قرآنِ پاک کا ہدیہ فی صفحہ کے حساب سے مکمل Direct Cost پر مشتمل ہونا چاہیے۔

4۔ نیشنل بُک فاؤنڈیشن مندرجہ ذیل تعداد اور تصریحات کے مطابق انکم ٹکس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ پبلیشرز، پرنٹرز، سپلائرز سے سر بمور ٹینڈر مطلوب ہے۔ نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو محکمہ اوقاف سے منظور شدہ سرٹیفیکٹ درکار ہو گا جو کمپنی کی ذمہ داری ہو گی۔

| نمبر شمار | قرآن پاک | قسم | پرنٹنگ | پیپر سائز/ گرام | سائز | مطلوبہ تعداد | جلد سازی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | تجویدی قرآن پاک | 16 سطری | 4 کلر | 80 گرام آرٹ پیپر | 23x36/16 | 2,200 | مراکو پیپر، گتہ، پلاسٹک کور، 3 رنگہ پنی پرنٹنگ، امبوزنگ |
| 2. | حافظی قرآن پاک | 16 سطری | 1 کلر | 60 گرام آفسٹ امپورٹڈ پیپر | 23x36/16 | 2,200 | لیمینیشن جلد، گتہ، امبوزنگ |
| 3. | قرآن پاک | 12 سطری (خوشبو والا) | 4 کلر | 80 گرام آرٹ پیپر | 20x30/8 | 2,200 | گولڈن ریگزین، گتہ |
| 4. | قرآن پاک | 12 سطری (سادہ) | 1 کلر | 60 گرام آفسٹ امپورٹڈ پیپر | 20x30/8 | 2,200 | مراکو جلد گتہ، 3 رنگہ پنی پرنٹنگ |

5۔ ٹیکنکل پروپوزل (Technical Proposal) کے ساتھ فراہم کیے گئے پیپر کے نمونہ جات کی PCSIR رپورٹ بھی ساتھ منسلک کریں جو کہ مندرجہ ذیل تصریحات (Specifications) کے مطابق ہونے چاہئیں:۔

| S.No | Particular/Items | Substance/ Gramages | Brightness | Opacity | Burst Factor | Tear Factor | Thickness | Glazness |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | **Art paper (Imported)** | **80** | **95%** | **90%** | **-** | **-** | **-** | **Both Side** |
| 2. | **Art Paper Offset Imported Paper** | **60** | **95%** | **90%** | **-** | **-** | **-** | **Both Side** |
| .3 | **Variation of ±3% in the specifications of Art Paper are permissible but average shall not be less than required specifications.** | | | | | | | |

## شرائط وضوابط

ٹیکنکل پروپوزل(شرائط وضوابط حصہ اولi تا x)اور فنانشل پروپوزل(شرائط وضوابط حصہ دوم i تا iii) پر مشتمل دو الگ الگ لفافوں میں ہوں جو کہ مکمل طور پر سر بمہر بند ہونے چاہیئں جن کے اُوپر ٹیکنکل پروپوزل اور فنانشل پروپوزل لکھا ہو اور ان دونوں کو پھر ایک لفافے میں ڈال کر سر بمہر بند کر کے پیش کیا جائے۔

### (حصہ اول ٹیکنکل پروپوزل)

1. ٹینڈر دہندہ اپنے ٹینڈر/پیشکش ٹیکنکل پروپوزل والے لفافہ میں مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کریں۔

i. این بی ایف کی جاری کردہ اصل رسید مبلغ -/3000 روپے بسلسلہ خریداری ٹینڈر دستاویزات (ناقابل واپسی)

ii. فوٹو کاپی Valid نیشنل ٹیکس رجسٹریشن (NTN) سرٹیفکیٹ۔

iii. قرآن پبلشر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ ہو اور Active سٹیٹس ہو۔

iv. قرآن پبلشر صوبائی محکمہ اوقاف یا قرآن بورڈ میں رجسٹرڈ ہونا چاہیے۔

v. قرآن پاک کے نسخے انجمن حمایت اسلام کے منظور شدہ نمونہ کے مطابق ہونے چاہئیں۔

vi. قرآن پبلشر کے پاس اپنا پرنٹنگ پریس اور بائنڈنگ یونٹ ہونا چاہیے۔

vii. قرآن پبلشر کے پاس کم از کم 4 کلر 1995ء ماڈل یا اس سے جدید پرنٹنگ مشین ہونی چاہیے۔

viii. قرآن پبلشر کی ذمہ داری ہے کہ قرآن پاک کی پرنٹنگ، بائنڈنگ اور متن اغلاط سے پاک ہو۔

ix. قرآن پبلشر قرآن پاک کے رجسٹرڈ پروف ریڈرز کے سرٹیفکیٹ فراہم کرے گا۔

x. ایسا پبلشر جو کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ ہو یا کسی قانونی چارہ جوئی میں شامل رہا ہو وہ ٹینڈر میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

xi. نیشنل بک فاؤنڈیشن کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو منظور یا منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا کسی بھی ابہام کی صورت میں مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل بک فاؤنڈیشن کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔

xii. ٹینڈر دہندہ ٹینڈر جمع کراتے وقت کل مالیت **3%** کے حساب سے بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام این بی ایف جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوگا۔

xiii. 80 گرام آرٹ پیپر اور 60 گرام آفسٹ امپورٹڈ پیپر کے سیمپل/نمونہ جات کی تین شیٹیں PCSIR رپورٹ کے ساتھ ٹیکنکل پروپوزل (Technical Proposal) کے لفافے کے ساتھ سیل بند ہوں جس میں کمپنی مہر کے ساتھ تفصیل درج ہو۔

xiv. ٹینڈر کھولنے کے موقع پر متعلقہ فرموں کے نمائندگان اپنی فرموں/ کمپنیوں سے اتھارٹی لیٹر ہمراہ لانے کے پابند ہوں گے۔

### (حصہ دوم فنانشل پروپوزل)

2. مندرجہ ذیل معلومات و کاغذات فنانشل پروپوزل کے لفافے میں ہونی چاہیئے۔

i. ٹینڈر پروفارما (Annex-C(Tender Performa کے مطابق فنانشل پروپوزل کے الگ لفافہ میں ہونے چاہیے جس میں نرخ پاکستانی روپے میں قرآنِ پاک کی ڈیلیوری اسلام آباد پہنچ کی بنیاد پر بشمول تمام ٹیکسز، کرایہ، لوڈنگ، اَن لوڈنگ کے اخراجات برائے ہر سائز الگ الگ درج کیے جائیں۔

ii. نیشنل بک فاؤنڈیشن قرآن پاک اپنے نام کے ساتھ اشاعت کا متمنی ہے۔ نیشنل بک فاؤنڈیشن کے نام کے ساتھ پرنٹنگ، بائینڈنگ اور دیگر تمام امور 60 دن کے اندر مکمل کرنے کا خواہشمند ہے۔

iii. قرآن پاک مذکورہ کو ہر قسم کی غلطیوں سے پاک چھاپنے کی ذمہ داری قرآن پبلشر پر ہو گی۔

iv. قرآن پاک کی طباعت کے لیے جو سرٹیفکیٹ، پروف ریڈر محکمہ اوقاف سے حاصل کیے جائیں گے۔ حاصل کرنے کی ذمہ داری کمپنی پر ہو گی۔ تاکہ کسی نسخہ میں غلطی کی صورت میں تبدیل کروایا جاسکے

ii. ٹینڈر کھولنے کے بعد تخمینہ جات میں کسی قسم تبدیلی کی اجازت نہیں ہو گی۔

3. پیشکش ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے **40** دن تک مؤثر رہے گی۔

4. ٹینڈر نیشنل بُک فاؤنڈیشن، 6ماؤایریا، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد سیکریٹری صاحب کے PA کے کمرے میں رکھے گئے ٹینڈر باکس میں ڈالے جائیں ٹینڈر باکس کے علاوہ ڈالے گئے ٹینڈر منظور نہیں کئے جائینگے۔

5. ٹینڈر مورخہ 10 جولائی، 2023ء بوقت 11:00 بجے تک نیشنل بُک فاؤنڈیشن، 6-ماؤوایریا، G-8/4، اسلام آباد پہنچ جانے چاہیئں۔ 11:00 بجے کے بعد کوئی ٹینڈر روصول نہیں کیا جائے گا۔

6. ٹینڈر کھولنے کے دِن کوئی ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائے گا۔

7. ٹینڈر دستاویز کی شرائط وضوابط پر پورا نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر قبول نہیں کیا جائے گا۔

8. نامکمل پیشکش، جس میں ابہام پایا گیا خارج کر دی جائے گی۔

9. کوئی فرم جو نیشنل بُک فاؤنڈیشن کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث رہی ہو یا پہلے کسی معاہدے کی خلاف ورزی کی ہو، وہ ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل نہیں ہو گی۔ کوئی فرم کبھی کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ ہوئی ہو وہ بھی بولی دینے کی اہل نہیں ہو گی۔ اس لیے ٹینڈر دہندگان سرٹیفکیٹ Annex-B کے مطابق دیں گے کہ وہ کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ نہیں ہوئے ہیں۔

10. تمام پیشکشیں غیر مشروط ہونی چاہیے بصورتِ دیگر مسترد کر دی جائیں گی۔

11. تمام ٹیکنکل پروپوزل (Technical Proposal) مورخہ 10 جولائی، 2023ء کو این بی ایف کے افسران پر مشتمل کمیٹی اور پیشکش دہندگان یا اُن کے مجاز نمائندوں کے روبرو نیشنل بُک فاؤنڈیشن، 6-ماؤوایریا، G-8/4، اسلام آباد کے کمیٹی روم میں کھولی جائیں گی۔

12. PCSIR کی رپورٹ موصول ہونے پر صرف اُن ٹینڈر دہندگان کی فنانشل پیشکشیں (Financial Proposals) کھولی جائیں گی جن کی PCSIR رپورٹ مطلوبہ معیار کے مطابق پائی گئی ہوں۔

13. فنانشل پیشکش کھولنے پر سب سے کم نرخ دینے والے ٹینڈر دہندگان کو تحریری اطلاع دی جائے گی جس میں اُسے ادارے کے ساتھ **سات (07) دن** کے اندر تحریری معاہدہ (Annex-D) کے مطابق کرنے کو کہا جائے گا۔

14. کامیاب ٹینڈر دہندہ این بی ایف کے ساتھ پیشکش کی منظوری کی اطلاع دینے کے **سات (07) دن** کے اندر پیشکش کی کل مالیت کے **0.25** فی صد اشٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔

15. اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ مقررہ مدت کے دوران ادارے کے ساتھ معاہدہ کرنے میں ناکام رہا تو اُس کی پیشکش منسوخ کر دی جائے گی اور اُس کا زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا اور قرآنِ پاک (مکمل تیاری تک) دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ سے کر لی جائے گی یا قانون کے مطابق کوئی متبادل طریقہ اختیار کیا جائے گا۔

16. اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنی پیشکش سے منحرف ہو جائے یا اس میں کسی قسم کی تبدیلی کرنا چاہے یا معاہدہ کی پابندی نہ کرے تو اُس کی پیشکش منسوخ تصور کی جائے گی اور اُس کا زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

17. ٹینڈر دہندگان معاہدے کے بعد این بی ایف کے دیئے گئے سپلائی شیڈول کے مطابق 60 دن کے اندر اندر قرآن پاک این بی ایف، اسلام آباد کے گودام تک پہنچانے کا پابند ہو گا۔

18. ٹینڈر میں قرآنِ پاک کی اشاعت کرنے کے لئے اگر کسی پارٹی/پبلیشرز کے نرخ کم پائے گئے (قرآن کے سائز/نوعیت کے اعتبار سے) انہیں اسی لحاظ سے اشاعت کا کام دیا جائے گا اشاعت کی پرنٹنگ کا کام دیے گئے کم نرخوں کے مطابق دیا جائے گا چاہے پارٹیوں کی تعداد 4 ہی ہو۔

19. نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی وجہ سے سپلائی معاہدہ کی مدت گزرنے کے بعد سپلائی کی مدت کو بڑھا سکے۔

20. نیشنل بُک فاؤنڈیشن کو استحقاق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے قرآنِ پاک کی اشاعت کی تعداد کو کم و بیش کر سکتا ہے نیز قرآنِ پاک کی مکمل یا تھوڑی مقدار میں ضرورت کے مطابق اشاعت کرے یا انکار کر دے۔

21. اگر قرآنِ پاک مطلوبہ ڈیمانڈ کے مطابق نہ پائے گئے تو تمام آرڈر منسوخ کر دیا جائے گا اور زرِ بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

22. انکم ٹیکس کی کٹوتی قواعد و ضوابط کے مطابق کی جائے گی۔ اگر گورنمنٹ کیطرف سے کوئی اور ٹیکس لاگو کیا جاتا ہے تو ٹینڈر دہندہ دینے کا پابند ہو گا۔

23. نیشنل بُک فاؤنڈیشن یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ وہ کوئی ٹینڈر مکمل یا جزوری طور پر PPRA کے رُول کے مطابق منسوخ کر دے۔ اس سلسلے میں منیجنگ ڈائریکٹر، نیشنل بُک فاؤنڈیشن کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔

24. فریقین کے درمیان کسی معاملے پر کوئی اختلاف پیدا ہونے کی صورت میں معاملہ منیجنگ ڈائریکٹر، نیشنل بُک فاؤنڈیشن کے روبرو بطور ثالث پیش کیا جائے گا جن کا فیصلہ حتمی ہو گا اور تمام فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔

## جانچ و پڑتال کا معیار (Evaluation Criteria)

1. حصہ اول ٹیکنکل پروپوزل اور حصہ دوم فنانشل پروپوزل میں درکار کاغذات و سرٹیفکیٹ، حلف نامہ اور نمونہ جات الگ الگ لفافوں میں ڈالے جائیں بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا۔
2. ٹینڈر دستاویز کی شرائط و ضوابط پر پورا نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر قبول نہیں کیا جائے گا۔
3. نامکمل پیشکش، جس میں ابہام پایا گیا ہو وہ خارج کر دی جائے گی۔
4. بولی دہندہ ٹینڈر کی کل مالیت کا **3%** کے حساب سے بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام این بی ایف کے ٹیکنکل پروپوزل کے لفافے میں ڈالے گا۔ بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہیں ہو گا۔
5. کوئی فرم جو نیشنل بُک فاؤنڈیشن کے ساتھ ماضی میں مقدمہ بازی میں ملوث رہی ہو یا آفر لیٹر موصول کرنے کے بعد معاہدہ کرنے میں ناکام رہی ہو یا پھر کسی معاہدے کی خلاف ورزی کی ہو وہ ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل نہیں ہو گی اور اُس فرم کے ٹینڈر کو کھولے بغیر واپس کر دیا جائیگا۔
6. تمام پیشکشیں غیر مشروط ہونی چاہیے بصورتِ دیگر مسترد کر دی جائیں گی۔
7. فنانشل پروپوزل کھولنے پر سب سے کم نرخ ٹینڈر دہندگان کو تحریری اطلاع دی جائے گی جس میں اُسے ادارے کے ساتھ **سات (07) دن** تحریری معاہدہ (Annex-D) کے مطابق کرنے کو کہا جائے گا۔

اسسٹنٹ ریسرچ آفیسر (سیلز)

(Rs.100/- کے اشٹام پیپر پر پیش کریں)

**Annex–A**

# سرٹیفکیٹ/اقرار نامہ

نمبر ا۔ ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ہم نے مطلوبہ قرآنِ پاک (مکمل تیار کی بنتادپر) دی گئی تصریحات اور ٹینڈر کے شرائط وضوابط بغور پڑھ لی ہیں اور اس میں دی گئی شرائط وضوابط کی پابندی کریں گے۔

نمبر ۲۔ فریقین کے درمیان کوئی اختلاف پیدا ہونے کی صورت میں مینجنگ ڈائریکٹر، نیشنل بُک فاؤنڈیشن کا فیصلہ قبول کریں گے۔

نمبر ۳۔ ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ مطلوبہ قرآنِ پاک (مکمل تیار کی بنتادپر) کی پیشکش ٹینڈر میں دیے گئے مطلوبہ معیار اور تصریحات کے مطابق ہیں۔

نمبر ۴۔ ہم اس بات کو قبول کرتے ہیں کہ ٹینڈر دستاویزات/شرائط وضوابط کے سریل نمبر **19-21** میں دیا گیا فراہمی کا شیڈول اس کی اصل روح ہے جس کی پابندی ہم پر لازم ہے۔ اس میں کسی قسم کی کوتاہی کی صورت میں ہم اس بات کو غیر مشروط طور پر قبول کرتے ہیں کہ فراہمی شیڈول میں تاخیر ہونے کی صورت میں **(5000)** پانچ ہزار روپے یومیہ جرمانہ وصول کیا جائیگا۔

دستخط ____________________

نام ____________________

کمپنی/فرم ____________________

مہر ____________________

تاریخ ____________________

Annex–B

(Rs.100/-کے اشٹام پیپر پر پیش کریں)

# بیان حلفی

منکہ مسمی--------ولد------ میسرز------------پتہ-----------کا مالک ہوں۔ یہ کہ حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میری فرم/ کمپنی میسرز------------ کبھی بھی کسی سرکاری/نیم سرکاری/خود مختار ادارے نے بلیک لسٹ نہیں کیا اور یہ کہ ہماری فرم/ کمپنی کے خلاف کسی قسم کی کوئی بھی قانونی کارروائی زیر عمل نہ ہے۔ مندرجہ بالا معلومات درست اور صحیح ہیں اور اس میں کوئی عمل مانع نہ ہے۔

## المحلف

مسمی____________________

ولد____________________

کمپنی/فرم____________________

مہر____________________

تاریخ____________________

دستخط____________________

**Annex-C**

# ٹینڈر پرفارما Tender Performa (فنانشل پروپوزل)

- مندرجہ ذیل وُڈفری ہائی فنشڈ پرنٹنگ پیپر (لوکل) اور بلیچ کارڈ (لوکل/امپورٹڈ) کے نرخ فی میٹرک ٹن اور فی پیکٹ پاکستانی روپے میں واضح طور پر دیئے جائیں۔
- ہر کالم پُر کریں کوئی کالم خالی نہ چھوڑیں۔

| نمبر شمار | قرآن پاک | قسم | پرنٹنگ | پیپر سائز/گرام | سائز | جلد سازی | نرخ فی قرآنِ پاک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | تجویدی قرآن پاک | 16سطری | 4کلر | 80 گرام آرٹ پیپر | 23x36/16 | مراکو پیپر، گتہ، پلاسٹک کور، 3رنگہ پنی پرنٹنگ، امبوزنگ | |
| 2. | حافظی قرآن پاک | 16سطری | 1کلر | 60 گرام آفسٹ امپورٹڈ پیپر | 23x36/16 | لیمینیشن جلد، گتہ، امبوزنگ | |
| 3. | قرآن پاک | 12 سطری (خوشبو والا) | 4کلر | 80 گرام آرٹ پیپر | 20x30/8 | گولڈن ریگزین، گتہ | |
| 4. | قرآن پاک | 12سطری(سادہ) | 1کلر | 60 گرام آفسٹ امپورٹڈ پیپر | 20x30/8 | مراکو جلد گتہ، 3رنگہ پنی پرنٹنگ | |

دستخط________________

نام________________-

کمپنی/فرم________________

مہر________________

تاریخ________________